بسم اللہ الرحمن الرحیم

منقبت

بنتِ رضی اللہ عنہا نبی صلی اللہ علیہ وسلم، زوجۂ علی رضی اللہ عنہ، خاتونِ جنّت

حضرت بی بی فاطمۃ الزہرا رضی اللہ عنہا

نورِ نگاہِ چشمِ خدیجہؓ دائم خوشی ہیں، خاتونِ جنّت
باغِ کرم کی اک مہکی مہکی نوری کلی ہیں، خاتونِ جنّت
باباؐ کی پیاری، قرآں کی قاری کیسی بھلی ہیں، خاتونِ جنّت
خوش بخت کیسے حسنینؓ ٹھہرے ماں جو ملی ہیں، خاتونِ جنّت
فطرت جمالی، سیرت مثالی بس دل کشی ہیں، خاتونِ جنّت
تطہیر ان کی قرآں سے ثابت پاکیزگی ہیں، خاتونِ جنّت
دن ان کا خدمت، شب ہے عبادت کیا متقی ہیں!، خاتونِ جنّت
دنیا لُٹا دی راہِ خدا میں ایسے بنی ہیں، خاتونِ جنّت
صبر و رضا کی سطرِ حسیں کا حرفِ جلی ہیں، خاتونِ جنّت
جس سے رہِ علم و احساں مُنوّر وہ روشنی ہیں، خاتونِ جنّت
قربان جس پر سب شان و شوکت وہ سادگی ہیں، خاتونِ جنّت
جس پر ہے نازاں خود زندگی بھی وہ زندگی ہیں، خاتونِ جنّت
آقاؐ سے پائی خوئے عطا بھی رحمت گھنی ہیں، خاتونِ جنّت
جائے نہ خالی، کوئی سوالی ایسی سخی ہیں، خاتونِ جنّت
سائل کی خاطر بیچیں وہ چادر طبعاً غنی ہیں، خاتونِ جنّت
تھیں دستگیرِ امّت وہ کل بھی اور آج بھی ہیں، خاتونِ جنّت
حق جانتی ہیں، حق سوچتی ہیں حق بولتی ہیں، خاتونِ جنّت
دل میں سخا کے گُل کھل رہے ہیں یاد آرہی ہیں، خاتونِ جنّت
آقاؐ نے بخشا اعزاز جن کو حامدؔ وہی ہیں خاتونِ جنّت

سیّد حامدؔ یزدانی

۱۸۔ رمضان المبارک ۱۴۳۵ھ، ٹورانٹو